مسلمان ہونے کے معنی یہ ہیں کہ

— تم میں اسلامی حمیت ہو‘ ایمانی غیرت ہو‘ اسلام کی محبت اور اپنے مسلمان بھائیوں کی سچی خیر خواہی ہو۔

— تم خواہ دُنیا کا کوئی کام کرو‘ اس میں اسلام کا مفاد اور مسلمانوں کی بھلائی ہمیشہ تمھارے پیش نظر رہے۔

— اپنے ذاتی فائدے کی خاطر یا اپنے کسی ذاتی نقصان سے بچنے کی خاطر تم سے کبھی کوئی ایسی حرکت سرزد نہ ہو جو اسلام کے مقاصد اور مسلمانوں کی فلاح کے خلاف ہو۔

— ہر اس کام میں دل اور جان اور مال سے حصہ لو جو اسلام اور مسلمانوں کے لیے مفید ہو‘ اور ہر اس کام سے الگ رہو جو اسلام اور مسلمانوں کے لیے نقصان دہ ہو۔

— اپنے دین اور اپنی دینی جماعت کی عزت کو اپنی عزت سمجھو۔

— جس طرح تم خود اپنی توہین برداشت نہیں کر سکتے‘ اسی طرح اسلام اور اہل اسلام کی توہین بھی برداشت نہ کرو۔

— جس طرح تم خود اپنے خلاف اپنے دشمنوں کا ساتھ نہیں دیتے‘ اسی طرح اسلام اور مسلمانوں کے دشمنوں کا بھی ساتھ نہ دو۔

— جس طرح تم اپنی جان‘ مال اور عزت کی حفاظت کے لیے ہر قسم کی قربانی پر آمادہ ہو جاتے ہو‘ اسی طرح اسلام اور مسلمانوں کی حفاظت کے لیے بھی ہر قربانی پر آمادہ رہو۔

یہ صفات ہر اس شخص میں ہونی چاہییں جو اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہو‘
ورنہ اس کا شمار منافقوں میں ہوگا‘
اور اس کا عمل خود ہی اس کے زبانی دعوے کو جھوٹا ثابت کر دے گا۔

(دینیات ‘ سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ‘ ص ۱۳۸-۱۳۹)

(خیر خواہ)